تبصرے

زبان کا مسئلہ شائع کردہ انجمن پیام ادب (ہند) بنارس تقطیع خورد ضخامت ۴۸ صفحات کتابت وطباعت عمدہ قیمت درج نہیں

اس میں پنڈت جواہر لال نہرو اور دوسرے ہندو مسلمان ارباب قلم کے مقالات ہند کی مشترکہ زبان کے مسئلہ پر ہیں۔ مقالہ نگار حضرات نے لسانی، ادبی، تاریخی، اور دوسرے پہلوؤں سے اس مسئلہ پر روشنی ڈالی ہے لیکن حاصل سب کا ایک ہی ہے یعنی یہ کہ ہند کی ریاستی زبان ہندی کے نام سے پکاری جائے یا ہندوستانی کے نام سے بہرحال وہ ہی زبان ہونی چاہئے جو عام طور پر بولی اور سمجھی جاتی ہے اور جو اس ملک کے مشترک رہن سہن کا سب سے بڑا قیمتی سرمایہ ہے لیکن اب یہ سب مضامین خارج از بحث ہیں اور ان کا فائدہ بس یہی ہے کہ آئندہ مورخ کے غور و فکر کے لئے حقایق و معلومات کا مواد بہم پہنچا سکیں !!۔

اسلامی نظمیں از شفیع الدین صاحب نیر۔ شائع کردہ حالی پبلشنگ ہاؤس اردو بازار دہلی۔

نیر صاحب بچوں کے شاعر کی حیثیت سے کسی تعارف کے محتاج نہیں یہ کتاب ان کی چوبیں نظموں کا مجموعہ ہے جو حمد و نعت۔ اسلامی تہواروں یا بعض مفید اخلاقی امور پر لکھی گئی ہیں۔ زبان سب کی صاف سلیس شستہ اور رواں۔ پڑھنے میں دلچسپ اور یاد کرکے عمل کے لائق ہیں۔ بچوں کے علاوہ بڑی عمر کے لوگ بھی انھیں پڑھ کر لطف اٹھا سکتے ہیں۔

سرور عالم از خالد صاحب تقطیع جیبی ضخامت ۴۸ صفحات قیمت درج نہیں پتہ علوی برقی پریس بھوپال جیسا کہ نام سے ظاہر ہے اس میں آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش سے قبل کے مختصر حالات اور پھر آپ کی ولادت باسعادت سے لے کر وفات تک کے حالات مختصر